This question paper contains **4+1** printed pages]

*Your Roll No*.......................

**840**

**B.A. (PROGRAMME)/I** **D**

URDU DISCIPLINE—Paper I

*Time* : 3 *Hours* *Maximum Marks* : 75

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

۱۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے کوئی پانچ کی تشریح مع سیاق و سباق کیجیے: ۱۵

وائے نادانی ! کہ وقت مرگ یہ ثابت ہوا
خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا، جو سنا افسانہ تھا

گلوں میں رنگ بھرے باد نو بہار چلے
چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے

شغل بہتر ہے عشق بازی کا

P.T.O.

کیا حقیقی و کیا مجازی کا

مدرسہ یا دیر تھا، یا کعبہ یا بت خانہ تھا

ہم سبھی مہماں تھے واں، اک تو ہی صاحب خانہ تھا

بہلا نہ دل نہ تیرگئی شام غم گئی

یہ جانتا تو آگ لگاتا نہ گھر کو میں

کس سے محرومئ قسمت کی شکایت کیجئے

ہم نے چاہا تھا کہ مر جائیں، سو وہ بھی نہ ہوا

رہی نہ طاقت گفتار، اور اگر ہو بھی

تو کس امید پہ کہئے کہ آرزو کیا ہے

۲۔ درج ذیل میں سے کسی ایک حصّے کی تشریح مع سیاق و سباق کیجئے: ۱۵

(الف)

سچ کہہ دوں اے برہمن! گر تو برا نہ مانے

تیرے صنم کدوں کے بت ہو گئے پرانے

اپنوں سے بیر رکھنا تو نے بتوں سے سیکھا
جنگ وجدل سکھایا واعظ کو بھی خدا نے
تنگ آ کے آخر میں نے دیو وحرم کو چھوڑا
واعظ کا واعظ چھوڑا چھوڑے تیرے فسانے
پتھر کی مورتوں میں سمجھا ہے تو خدا ہے
خاک وطن کا مجھ کو ہر ذرہ دیوتا ہے
آ! غیریت کے پردے اک بار پھر اٹھا دیں
بچھڑوں کو پھر ملا دیں، نقش دوئی مٹا دیں

(ب)

لرز رہا تھا وطن، جس خیال کے ڈر سے
وہ آج خون رلاتا ہے دیدۂ تر سے
صدا یہ آتی ہے پھل پھول اور پتھر سے
زمیں پہ تاج گرا قوم ہند کے سر سے

حبیب قوم کا دنیا سے یوں روانہ ہوا
زمیں الٹ گئی، کیا منقلب زمانہ ہوا
بڑھی ہوئی تھی نحوست زوال پیہم کی
ترے ظہور سے تقدیر قوم کی چمکی
نگاہ یاس تھی ہندوستاں پہ عالم کی
عجیب شئے تھے مگر، روشنی ترے دم کی
تجھی کو ملک میں روشن دماغ سمجھے تھے
تجھے غریب کے گھر کا چراغ سمجھے تھے

۳۔ مرزا غالب یا شاد کی شاعرانہ عظمت پر اظہار خیال کیجئے۔ ۱۰

یا

'شعاع' امید کا خلاصہ بیان کیجئے۔

۴۔ 'سحرالبیان' کی صنف واضح کرتے ہوئے اس کا قصہ بیان کیجئے۔ ۱۰

یا

مثنوی اور مرثیہ کے فرق کو بتاتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی کی نشاندہی کیجئے۔

۵۔ میر تقی میر کی شاعری کی خصوصیات بیان کیجئے۔ ۱۰

یا

'ایک لڑکا' کا خلاصہ بیان کیجئے۔

۶۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی پانچ کی تعریف مع مثال بیان کیجئے: ۱۵

تشبیہ، استعارہ، تلمیح، مطلع، مقطع، ایہام، مبالغہ، غزل۔